# ڈیکنوں کا مقام

اور، دیکھیں، پہلے کچھ ڈیکنوں کو چرچ میں مقرر کرنا ہے۔ اور ہمارا چھوٹا چرچ یہاں خود مختار ہے۔ اس کے پاس اپنے ڈیکنوں کو مقرر کرنے کیلئے کوئی تنظیم یا کچھ اور نہیں ہے، یہ اپنے ڈیکنوں کو خود مقرر کرتا ہے۔ یہ اپنے پاسٹر کا انتخاب کرتا ہے، یہ اپنے ٹرسٹیوں کو چنتا ہے، یہ چرچ کے اندر آنے اور باہر جانے والی ہر چیز کا انتخاب کرتا ہے۔ کسی بھی شخص کو کسی بھی بات پر کچھ کہنے کا اختیار نہیں ہے، یہ چرچ ہے۔ اور چرچ وہ ہیں جو اس میں آتے ہیں اور اپنی موجودگی، اپنی دہ یکی اور نذرانوں کے ساتھ چرچ کی مدد کرتے ہیں، اور ایسے لوگوں کے پاس ہمیشہ اسطرح کی مخصوصیت کا قانونی حق ہے۔

2 اور میں ڈیکنوں کے سابقہ بورڈ کا اپنی طرف سے، اور پوری کلیسیا کی طرف سے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ اگر ان بھائیوں میں سے کوئی یہاں ہے، جن میں بھائی کاکس، بھائی فِلیمین، اور بھائی ہِگن بوتھم اور بھائی ڈیٹزمین ہیں، انھوں نے خُداوند کیلئے، اور ہمارے لئے، اس ٹیبر نکل میں اچھی خدمت سرانجام دی ہے۔

3 اور ہر بار، کلیسیا کے قانون کے مطابق، ہر سال، ڈیکن یا ٹرسٹی خود بخود اپنا

وقت پورا کرتے ہیں۔ اور اگر یہ واپس آنا چاہتے ہیں، تو ٹھیک ہے۔ اگر یہ واپس نہیں آنا چاہتے ہیں، تو وہ ان کی جگہ دوسروں کو مقرر کرسکتے ہیں، کیونکہ اس بورڈ نے استعفیٰ دے دیا ہے۔

4 اور ایک رات میں نے ٹرسٹی بورڈ کو بلایا تھا، جوکہ ایک نیا ٹرسٹی بورڈ ہے۔ میں نے برادر لوتھر میک ڈویل کو آج رات یہاں دیکھا ہے، ہمیں انہیں یہاں دیکھ کر خوشی ہوئی ہے، یہ پہلے ٹرسٹی بورڈ میں تھے۔ میں اس ہفتے نیچے گیا تھا تاکہ معلوم کروں کہ فوٹو اسٹیٹ کاپی ہو چکی ہے، جوکہ چرچ کو بھی، پیش کردی جائے گی۔ اب چرچ کے ٹرسٹیز برادر ولیم مورگن، برادر مائیک ایگن ہیں، اور برادر بینکس ووڈ، اور برادر روئے روبرسن ہیں۔ اور یہ سب اس شہر کے ہیں، سوائے برادر روبرسن کے جو دو شہروں کے درمیان مقیم ہیں۔ خُداوند نے ان آدمیوں کو مناسب سمجھا، اور یہ معزز آدمی ہیں، اور اب انہیں اس چرچ کے ٹرسٹیز کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

5 اور پھر جب یہ میٹنگ ہورہی تھی، تو معاون پاسٹر کی طرف سے ہمیں بتایا گیا، کہ ڈیکنوں کے نئے بورڈ کا انتخاب کرنا ہے، کیونکہ انہوں نے اپنا وقت پورا کرلیا ہے اور-اور استعفیٰ دے دیا ہے، اسلئے کچھ اور ڈیکنوں کا انتخاب کرنا ہے۔ اب، چرچ...اور اسی طریقے سے یہ کام کیا جاتا ہے، اور، اب بورڈ ڈیکنوں کا انتخاب کرسکتا ہے، اور ایسا آدمی مقرر کرسکتا ہے جس کے ساتھ

ان کا تعلق ہو اور وہ آدمی معزز اور راستباز آدمی ہو ۔

6 ڈیکن کا عہدہ ایک بہت بڑا عہدہ ہے، اور چرچ میں ایک ڈیکن ہونا ایک بڑے اعزاز کی بات ہے۔ اور پس، گزشتہ رات ایک میٹنگ میں، ایک فلاں بھائی کو میرے پاس بلایا گیا۔ اور جب پاسٹر سے میٹنگ ہوئی، مندرجہ ذیل... یہ پچھلے جمعہ کی بات ہے، تو وہ بھی اُس آدمی کیلئے متفق تھا کہ ایسا آدمی معزز اور راستباز ہونا چاہیے ۔

7 اُن کے ہاں ایک نوجوان آدمی تھا، جو بالکل بھی اس لائق نہیں تھا( اسلئے نہیں کہ وہ درست قسم کا آدمی نہیں تھا)، بلکہ اُسکا مشورہ ہمارے ٹرسٹی بورڈ کے ایک معزز آدمی نے دیا تھا۔ لیکن جب پاسٹر اور میں اکٹھے ہوئے، اور میں نے اُس نوجوان کی عمر پوچھی ،تو وہ بیس سال سے بھی کم تھی۔ وہ باعزت ،راستباز ، اور ایک حقیقی آدمی تھا، لیکن ایک بات کی کمی تھی وہ کنوارہ تھا۔ بائبل کہتی ہے ایک ڈیکن کو شادی شدہ آدمی ہونا چاہیے۔ اُسے ایک بیوی کا شوہر ہونا چاہیے۔

8 اور پھر ایک اور آدمی تھا جو بہت ہی معزز آدمی تھا، اور کام کیلئے بہت ہی اہل تھا اور وفادار آدمی تھا ، اور ایک بھائی نے اُس کے لئے تجویز دی تھی۔ پھر تحقیق کے بعد معلوم ہوا، وہ بھائی ابھی حال ہی میں اس ایمان میں آیا تھا، لیکن اُسکی بیوی ابھی تک اس پر ایمان نہیں رکھتی تھی۔ اسلئے اُس

آدمی کو اس خدمت کیلئے نا اہل کردیا گیا۔ کیونکہ اُسکے پورے خاندان کو تابع ہونا چاہیے، اور اُنہیں ایمان میں بھی ہونا چاہیے، ورنہ اس سے جھگڑا پیدا ہو جائے گا۔

9 اور اب ہم اسے تعمیر کر رہے ہیں، کیونکہ ہم اس چرچ کو اچھے مقام پر دیکھنا چاہتے ہیں۔ اور چرچ کا جنرل اوورسِیر ہوتے ہوئے، صحفے کے مطابق، مجھے اس بات کو ضرور دیکھنا چاہیے، تاکہ سب کچھ عین کلام کے مطابق کیا جائے۔

10 اور، پھر، دیکھیں اُس شخص کو بورڈ اور پاسٹر، اور نگران کی نظر میں بھی منظورِ نظر ہونا چاہیے، اور وہ بھی یہاں کے لوگوں کے اس گروہ میں سے کسی ایسے آدمی کو منتخب کریں جسے ہم معزز اور عادل آدمی سمجھتے ہوں۔ ہم صرف ایسے لوگوں کو لاسکتے ہیں۔ پھر، اُنہیں چرچ کے وسیلے، اور اُنکے اپنے ووٹ کے وسیلے مقرر کرسکتے ہے۔ اور پھر وہ آدمی خدمت کے اہل ہوتے ہیں، اگر وہ محسوس کریں کہ وہ اس عہدے کو قبول کرپائیں گے۔ تو پھر وہ آدمی تھوڑی دیر کے لئے آئیں، اور دیکھیں کیا اُنہیں لگتا ہے کہ خُدا نے اُنہیں بلایا ہے۔ اور اگر اس کے بعد، وہ محسوس کرتے ہیں کہ وہ نا اہل ہیں، تو، اُنکے پاس اگلے چند ہفتوں میں عہدے سے استفعیٰ دینے کا حق ہے، تاکہ اُنکی جگہ کسی اور کو مقرر کیا جائے سکے۔

11 بحرحال، بیداری کے آغاز میں دیکھیں (اگر خُدا نے چاہا) تو میں کچھ دیر آرام کرنے کے بعد، پھر اس ٹیبرنیکل میں دوبارہ آوں گا، پھر میں-میں... ہم اس چرچ میں ان ڈیکنوں پر ہاتھ رکھیں گے، اور ڈیکنوں اور خزانچی کو مقرر کریں گے۔ لیکن پہلے انہیں موقع دیا جائے اور -اور دیکھا جائے کہ یہ اس خدمت کو کتنا پسند کرتے ہیں اور جماعت والے اسے کتنا پسند کرتے ہیں۔ پھر اگر-پھر اگر یہ دونوں اطراف سے ٹھیک ہے، تو ہم ان آدمیوں کو ڈیکن مقرر کردیں گے، بالکل اُسی طرح جسطرح ٹرسٹیوں کو مقرر کیا جاتا ہے۔

12 خُدا کے کلام کے وسیلے یہ کلیسیا کی، خود مختاری اور قانون ہے۔ پس، دیکھیں، وہ صرف یہ نہیں کہہ سکتے کہ "میرے خیال میں یہ آدمی ٹھیک رہے گا، "ایسا نہیں ہے، " اور بھائی نیول سوچتے ہیں یہ آدمی ٹھیک رہے گا، "یا "ٹرسٹی بورڈ سوچتا ہے یہ آدمی ٹھیک رہے گا۔ " یہ چرچ کی طرف سے ہونا ضروری ہے ! یہاں کوئی آدمی اپنی مرضی اس میں شامل نہیں کرسکتا ہے-یہ کام چرچ کے ووٹ کے وسیلے ہوتا ہے-یہ چرچ خود مختار رہے۔

13 پرانے ضابطوں کا سیٹ 1937 کے سیلاب میں خراب ہوگیا تھا۔ ہم نے اُنکو دوبارہ نقل کیا ہے، اور جلد ہی دیوار پر لٹکادیں گے، اُس پر ٹرسٹیوں ،ڈیکنوں، خزانچیوں، اور باقیوں، اور پاسٹر، اور معاونوں، اور وغیرہ وغیرہ کے فرائض درج ہیں۔

14 خُدا کے فضل کے وسیلے، مجھ سے یہ کہا گیا ہے، اور اس چرچ کے بورڈ کے سوفیصد ووٹ کے وسیلے یہ بات طے پائی ہے، اور دیکھیں انہوں نے بھائی ہولن ہکرسن کو ایک خُدا پرست، اورایک عزت دار آدمی پایا ہے، اوراس قطار میں اس عظیم پوزیشن کو -کو حاصل کرنا اور اس ٹیبر نیکل کا ڈیکن بننا اعزاز کی بات ہے۔

15 اسی طرح، ہم نے بورڈ کے ووٹ کے وسیلے، یہ دیکھا ہے، اور بھائی کالنز کو ایک عزت دار اور راستباز آدمی پایا ہے۔ خادم ہونے کی حثیت سے، ہم چاہیں گے، کہ وہ خود سامنے آئیں، اور اس چرچ کے ایک-ایک ڈیکن بنیں؛ اور صرف ڈیکن ہی نہیں، بلکہ بھائی نیول کے معاون بھی بنیں، اور شاید وہ سنڈے سکول کلاس بھی لیا کریں، یا بھائی نیول کی جگہ خدمت کا کام بھی کیا کریں، یا جو کام بھی بھائی نیول کے معاون ہوتے ہوئے کرنا پڑے وہ کریں۔ یہ بھائی کولنز ہیں۔

16 اور، اسی طرح، چرچ نے پرکھا، اور دیکھا ہے، کہ بھائی ٹونی زیبل، ایک معزز اور راستباز آدمی ہے، اور اُسے بھی ٹرسٹی بورڈ اور پاسٹروں کی حمایت حاصل ہے، اور اُس سے کہا گیا ہے کہ وہ اس ٹیبر نیکل میں ڈیکن کی خدمت کرے۔

17 اور یہ بھی کہا گیا ہے، اپنے درمیان سے معزز آدمیوں کو منتخب کیا

جائے...(نہ کہ...اور اب ،دیکھیں یہ صرف عزت دار آدمی نہیں ہیں، بلکہ ان کا چناؤ بورڈ کی طرف سے کیا گیا ہے۔) بھائی ٹیلر ہنیری ویل، یا میمفس سے ہیں، میرا خیال ہے یہ، میمفس، انڈیانا سے تعلق رکھتے ہیں۔یہ شخص کافی عرصے سے ہمارے ساتھ بطور ایک عشر، کام کررہا ہے اور جو کرسکتا تھا کیا ہے۔ اور چرچ کے لوگوں، پاسٹراور بورڈ نے اسکی حمایت کی ہے، تاکہ وہ اس-اس ٹیبر نیکل میں بطورِ ایک ڈیکن اس عظیم خدمت کو سر انجام دیں۔

18 اور یہ بات بھی کہی گئی ہے کہ برادر مائیک ایگن کے داماد کو، یعنی بھائی - بھائی بوب ہارنڈ کو بھی مقرر کیا جائے، جسے بورڈ کے وسیلے اور پاسٹروں کے وسیلے چنا گیا ہے، تاکہ اس ٹیبر نیکل میں خزانچی کی خدمت کرے، جو کہ ایک اچھا کام ہے، اور اس کے لیے راستباز اورعزت دار ہونا ضروری ہے۔

19 اور اس کام کے لئے، میرے بھائیو، مجھے لگتا ہے، آپ کو یہاں سے اس طرح بلانا، آپ کے لیے ایک بہت بڑا اعزاز ہے۔ اور صرف یہی نہیں، بلکہ کچھ اور بھی کرنا ہے۔

20 اس وقت ہمارے معاون ، بھائی نیول تشریف لائیں گے ،تاکہ ڈیکنوں کے تقاضوں کو پڑھا جائے۔ بھائی نیول، آپ اسے خدا کے کلام سے پڑھیں۔

[بھائی نیول پہلا تیمتھیس 3:8-13 پڑھتے ہیں-ایڈیٹر-]

[ اِسی طرح ڈیکنوں کو بھی سنجِیدہ ہونا چاہیے، دو زبان، اور

شرابی، اور ناجائز نفع کے لالچی نہ ہوں؛]

[اور اِیمان کے بھید کو پاک دِل میں حِفاظت سے رکھّیں۔]

[اور یہ بھی پہلے آزمائے جائیں؛ اِس کے بعد اگر بے اِلزام ٹھہریں، تو خِدمت کا کام کریں۔]

[اِسی طرح انکی بیویوں کو بھی سنجِیدہ ہونا چاہیئے، تہُمت لگانے والی نہ ہوں، بلکہ پرہیزگار، اور سب باتوں میں اِیماندار ہوں۔]

[ڈیکن ایک ایک بیوی کے شوہر ہوں، اور اپنے بچّوں اور گھروں کا بخُوبی بندوبست کرتے ہوں۔]

[کیُونکہ جو ڈیکن کی خِدمت کا کام بخُوبی انجام دیتے ہیں وہ اپنے لِئے ایک اچھّا مرتبہ، اور اُس اِیمان میں جو مسیح یِسُوع پر ہے بڑی دِلیری حاصِل کرتے ہیں۔]

21 آمین۔ میں اس وقت ان بھائیوں سے پوچھوں گا جنہیں بلایا گیا ہے، وہ بس تھوڑی دیر کے لئے یہاں پلیٹ فارم کے اوپر آجائیں۔ اور ہم تھوڑی دیر دعا میں اپنے سروں کو جھکاتے ہیں، اور میں چاہتا ہوں کہ یہ... اور چرچ جانتا ہے کہ یہ کیا ہورہا ہے، یہ آپ کے ڈیکن بورڈ اور آپ کے خزانچی کا انتخاب کیا جا رہا ہے۔

22 خُدا وند یسُوع ،اب ہم سنجیدگی،اور خُدا پرست سوچ کے ساتھ تیرے پاس آتے ہیں۔ ہم تیرے پاکترین کلام کے احترام میں آگے بڑھتے ہیں، ہم اس ایمان کے ساتھ آتے ہیں کہ،"تیرا کلام سچا ہے ،اور ہر آدمی کا کلام جھوٹا ہے۔" اور ہم اس چرچ کیلئے تیرے شکر گزار ہیں جسے یسُوع نے اپنے بیش قیمت خون سے خریدا ہے، اور ہمیں یہ عمارت عبادت کے لئے بخش دی ہے۔

23 اور پاک روح نے ہمیں اس عظیم گلہ کا، نگہبان بننے کے لئے مخصوص کیا ہے، ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اس جماعت کو ایک وفادار، راستباز آدمیوں کا گروہ عطا کریں جو ہمارے ایمان کے مطابق رُوحُ القُدس یافتہ اور خدمت کیلئے تیار ہو۔ اور اس ڈیکن بورڈ کے بارے میں ایک بار بتایا جا چکا ہے، "جائیں اور اپنے درمیان ایسے لوگ دیکھیں ، جنکی گواہی اچھی ہو اور رُوحُ القُدس یافتہ ہوں،تاکہ وہ اچھی طرح سے خدمت گزری کا کام کر سکیں، اور دولت کے ساتھ ،بیواؤں اور یتیموں کی دیکھ بھال کر سکیں، اور چرچ کی ویلفیر کیلئے کام کر سکیں۔" کئی سال پہلے، یہ عظیم بات ، مقدس پولُس نے تحریک کے وسیلے لکھی تھی، جو ہم نے پڑھی ہے، اور اس طرح کے عہدوں کے لئے کلام مُقدس کے تقاضوں کو واضح کرتی ہے۔

24 خُدا، ایسے آدمیوں کی قدر کرتا ہے۔ اور اب یہ، خُداوند کا انتخاب

ہے، اور ایک خود مختار چرچ ہوتے ہوئے، اور خُداوند یسُوع کا بدن ہوتے ہوئے، یہ خود انتخاب کرتا ہے۔ اور...[ٹیپ پر خالی جگہ ہے -ایڈیٹر-]...تاکہ خدمت کے اس حصے کو ایک خاص طریقے سے، یسُوع کے مقدّس اور صادق نام میں کیا جائے۔

25 اب ہمارے سر جھکے ہوئے ہیں، اور صرف سر ہی نہیں بلکہ دل بھی جھکے ہوئے ہیں، اور ہر کوئی جو اس چرچ میں مسلسل آرہا ہے اور اپنی دہ یکی کے وسیلے، اور ہدئے کے وسیلے مدد کررہا ہے ، وہ شخص ہی اس چرچ کا حصہ تسلیم کیا جاتا ہے، جبکہ پاسٹر اور میں، اکیلے، نظر آتے ہیں، معاون پاسٹر، برادر نیول، اور میں سامنے نظر آتے ہیں، میں اس چرچ سے پوچھنا چاہتا ہوں کیا آپ برادر ٹیلر کو اپنی بہترین سوچ کے مطابق، ایک عادل اور اہل آدمی پاتے ہیں، تاکہ لوگوں کی اس جماعت کے ایک ڈیکن بن جائیں؟ آپ اپنا ہاتھ اٹھا کر اس کی نشاندہی کریں ۔ [بھائی بریتہم خاموش ہوتے ہیں-ایڈیٹر-] ٹھیک ہے۔ اب اگر اسکے خلاف کسی کی رائے ہو، تو وہ اپنا ہاتھ بلند کرے۔ [بھائی بریتہم خاموش ہوتے ہیں] آپکا شکریہ۔

26 کیا اس چرچ کے اراکین میں سے کسی نے کچھ دیکھا ہے...اور ان سب میں، کیا آپ برادر ہولن ہیکرسن کو ایک خُداپرست اور عزت دار آدمی سمجھتے ہیں، اور کیا آپ کی نظر میں یہ آدمی اس لائق ہے کہ اسے اس چرچ کا ایک

ڈیکن مقرر کردیا جائے؟ کیا آپ اپنا دہنا ہاتھ اٹھا کر اس بات کی تصدیق کریں گے۔ [بھائی برینہم خاموش ہوتے ہیں-ایڈیٹر۔] اگر اس کے خلاف ہیں، تو اپنا ہاتھ بلند کریں۔ [بھائی برینہم خاموشی اختیار کرتے ہیں۔]

27 کیا اس جماعت نے بھائی کالنز کو بھی اسی طرح، ایک خُداپرست اور عزت دار آدمی پایا ہے، اور کیا وہ اس چرچ میں ڈیکن کی خدمت کے اہل ہیں ؟ کیا آپ اپنا ہاتھ بلند کریں گے۔ [بھائی برینہم خاموش ہوتے ہیں-ایڈیٹر۔] ٹھیک ہے۔ مخالف، اپنا ہاتھ بلند کریں۔ [بھائی برینہم خاموش ہوتے ہیں۔]

28 کیا اس جماعت نے بھائی ٹونی زیبل کو اس عہدے کے لئے عزت دار آدمی اور لائق آدمی پایا ہے، تاکہ وہ اس چرچ میں بطورِ ڈیکن اس گلہ کی خدمت کریں؟ کیا آپ اپنا دہنا ہاتھ بلند کریں گے۔ [بھائی برینہم خاموش ہوتے ہیں-ایڈیٹر۔] مخالف، اپنا ہاتھ بلند کریں۔ [بھائی برینہم خاموش ہوتے ہیں۔]

29 کیا اس جماعت کو لگتا ہے کہ بھائی ہارنڈ ایک خُداپرست اور راستباز آدمی ہیں، جو کچھ عرصے سے ہمارے ساتھ چل رہے ہیں، اوراس چرچ کے خزانچی، سیکریٹری خزانچی بننے، اور اس کے مالی معاملات کو سنبھالنے اور اس کے بل ادا کرنے کے لائق ہیں؟ اگر ایسا ہے، تو اپنا دہنا ہاتھ بلند کریں۔ [بھائی برینہم رکتے ہیں- ایڈیٹر۔] اگر کوئی اسکی مخالفت میں ہے، تو اپنا دہنا

ہاتھ بلند کرے۔ [بھائی برینہم رک جاتے ہیں-]

30 میں ان بھائیوں سے-سے کہنا چاہتا ہوں جو اس وقت اس صلیب کے قدموں میں کھڑے ہیں، یہ چرچ، سو فیصد انکے ساتھ ہے (مخالفت میں کوئی بھی نہیں ہے)، آپ سب کو خدا کی نظر میں اس عہدے کے لائق سمجھا گیا ہے جس کے لئے خدا نے آپ کو بلایا ہے۔

31 اب، جیسے آپ نے، کہا ہے، "پہلے ان کو آزمایا جائے، اور دیکھا جائے کیا یہ اس عہدے کی خواہش رکھتے ہیں۔ " چند ہفتوں کے اندر اندر، خُدا کی مرضی سے، میں واپس آؤں گا تاکہ آدمیوں کے اس گروہ پر ہاتھ رکھوں، اور ان لوگوں کو باقاعدہ طور پر-...اس چرچ کے ڈیکن، اور خزانچی مقرر کردوں۔

آئیں تھوڑی دیر اپنے سروں کو جھکاتے ہیں:

32 خُداوند، ہم آج رات خوش ہیں کہ زمین پر اب بھی ایک انسان زندہ ہے جو دنیا کے سامنے خدائی طریقے سے چل سکتا ہے؛ پس یہ الٰہی ٹیبرنیکل ہے ،اور اس کے سخت قوانین ہیں، اور اس نے پانچ آدمیوں کو اپنی قیادت کیلئے ووٹ دئیے ہیں، اور ایک ووٹ بھی برعکس نہیں ہے۔ ہم ان لوگوں کے لیے خوش ہیں، اور ہم نے محسوس کیا ہے کہ آپ اس فیصلے میں، پاسٹر صاحب اور بورڈ کے علاوہ ہمارے ساتھ تھے۔

33 اے خُدا، ان آدمیوں کو برکت دے۔ تاکہ یہ اپنے پورے دل سے اس

عہدے پر خدمت کریں، یہ جانتے ہوئے کہ ان کے لیے آسمان میں ایک عظیم درجے کی خریداری ہو رہی ہے۔ ایک دن آئے گا جب آسمانی کتابیں بند ہو جائیں گی، اور روحانی مخلوقات کی کتاب اور ایک بڑی آسمانی کتاب کھولی جائے گی، اور خُدا اور نجات دہندہ اور تمام آسمانی میزبانوں کے سامنے ان کے نام سو فیصد لکھے ہوئے ملیں گے، اور اُسکی بادشاہی میں مستقل رہیں گے ۔ انہیں برکت دے، خداوند، تاکہ یہ اس عہدے کی اچھی طرح خدمت کریں۔ یسُوع کے نام میں ہم ان کیلئے آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔آمین۔

34 میں بس آپ سے ہاتھ ملانا چاہتا ہوں، بھائی ہارنڈ، اور بھائی زیبل، اور بھائی کالنز، اور بھائی ہیکرسن، اور بھائی ٹیلر۔ یہ جان کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ اس سارے عرصے میں ہماری رفاقت ایسے معزز آدمیوں کے ساتھ رہی ہے۔اب خدا آپ کو برکت دے۔ اور جیسے ہی میں تھوڑا سا آرام کرکے، واپس آتا ہوں، تو ہم آپ سے فوراً ملیں گے، اور پوچھے گے آپ کو اپنی خدمت کیسی لگی ہے۔ ٹھیک ہے، میرے خیال کے مطابق، ان کے ووٹ، سو فیصد تھے، کوئی ایک بھی برعکس نہیں تھا۔

35 اوہ، کیا آپ خوش نہیں ہیں کہ آپ آج ایسے لوگوں کے ساتھ رفاقت کر رہے ہیں جو خُدا کے حضور، خُداپرست ہیں، اور اس موجودہ جہان میں اس طرح زندگی گزار رہے ہیں؟ یہ ایک کمال بات ہے۔

36 اور میں آج رات یہ جان کر بہت خوش ہوں کہ مجھے یہ اعزاز حاصل ہوا ہے کہ-کہ میں ان آدمیوں اور اس کلیسیا کو اپنے دوستوں میں شامل کرلوں۔ میں بہت خوش ہوں کہ خُدا نے مجھے پوری دنیا میں اپنے چرچ کے ساتھ منسلک کر دیا ہے۔ اوہ، انہیں حقیر سمجھا جاتا ہے، مسترد کیا جاتا ہے، اور تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے، اور میں نے آج صبح اپنے پیغام میں ذکر کیا تھا، یہ فقط کچی مٹی ہیں، اور دیکھیں دنیا انہیں ، ''جنونیوں کا ایک جھنڈ'' سمجھتی ہے، لیکن خدا انہیں اپنے بچے سمجھتا ہے۔ میں اس بات کے لیے بہت خوش ہوں۔ یہ آپ کو یہ بتانے کے لائق نہیں ہیں کہ یہ چاند سے کتنے میل دور ہیں۔ شاید یہ سولر سسٹم اور اس کی کارروائیوں کو مکمل طور پر واضح کرنے کے لائق نہ ہوں۔ لیکن یہ ایک بات جانتے ہیں، یہ جانتے ہیں کہ یہ کس وقت دوبارہ پیدا ہوئے تھے۔ میں ان کے لیے بہت خوش ہوں۔

37 اور ایک چھوٹی سی مثال ہے جس سے میں نے سیکھا ہے، اور میں اسے آج رات اپنی دو چھوٹی لڑکیوں کے ساتھ جوڑنے جا رہا ہوں تاکہ ہم گھر کے اور قریب ہوجائیں، اور یہ ہمارے لیے حقیقت بن جائے، اور آپ اس کا مطلب سمجھ جائیں۔ ایک صبح، میں بستر سے اٹھا...اور میری دو چھوٹی بیٹیاں آگئیں۔ اُن میں سے ایک ربیقہ ہے، اور اُن میں سے ایک سارہ ہے، اور یہ ڈیڈی کی چھوٹی بیٹیاں ہیں۔

38 اور میرا ایک چھوٹا بیٹا ہے، جوزف۔ میں چٹانوگا سے آیا تھا، اور وہاں ایک رات ایک میٹنگ تھی، اور وہاں یہ میری آخری عبادت تھی۔ اور میں کار میں-میں، اپنے سب سے بڑے بیٹے، بلی کے ساتھ کہیں جا رہا تھا۔ اُس کی بیوی اور میڈا، اور لڑکیاں بھی کار میں موجود تھیں۔ اور ہم سب اکٹھے گھوم رہے تھے، اور کسی نے شہر کے کئی بلاکس تک کچھ بھی نہ کہا۔ اور میں نے اُس رات جسطرح وہ لوگ کام کر رہے تھے کافی سختی سے کانٹ چھانٹ کی تھی۔ اور کسی نے کچھ بھی نہیں کہا تھا۔ اور چھوٹا جوزف آیا اور مجھے کندھے سے پکڑ لیا، اُس نے کہا، "ڈیڈی، آپ نے یقیناً آج رات منادی کی ہے!"

39 اور آج صبح، جب میں نکل رہا تھا اور آٹھویں اور دسویں سٹریٹ کی طرف جا رہا تھا، یا...بلکہ پین اور دسویں کی جانب، جا رہا تھا، بیوی اور دونوں لڑکیاں ساتھ تھیں، لیکن کسی نے کچھ نہ کہا۔ اور چھوٹے جوزف نے پھر سے میرا کندھا پکڑ لیا، اُس نے کہا، "ڈیڈی، دیکھیں، میں پُر یقین ہوں آج صبح کی منادی اچھی تھی،" اُس نے کہا۔

میں نے کہا، "ٹھیک ہے، میرا بھی ایک فین ہے، اور وہ میرا بیٹا ہے۔"

40 اور ہماری یہ چھوٹی سی بات چیت ہے۔ ایک صبح، میں اٹھ کر کمرے میں بیٹھا ہوا تھا، اور چھوٹی بیکی بھاگتی ہوئی باہر سے آئی اور، کہا، اُس نے میری ٹانگ کو پکڑ لیا اور اپنا بازو میرے گلے میں ڈال دیا، کیونکہ وہ ڈیڈی کی

چھوٹی بچی ہے۔ اور اُس نے مجھے گلے لگا لیا۔ اور ننھی سارہ نے اپنے چھوٹے پاجامے کے ساتھ بستر سے چھلانگ لگادی، اور سوچا، دوڑ کر آگے چلتی ہوں۔ اُسکی چھوٹی بھوری آنکھیں ہیں۔

41 چھوٹی بیکی نے کہا، ”اوہ، سارہ، تجھے آنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ پورے کا پورا ڈیڈی میرا ہے۔ سارا ڈیڈی میرا ہے!“ اور چھوٹی سارہ، اُس کے چھوٹے ہونٹ نیچے لٹک گئے، اُس کی چھوٹی بھوری آنکھیں ڈھلکی ہوئی تھیں۔ میں نے اس طرح اشارہ کیا اور اپنا دوسرا گھٹنا اُس کے آگے کردیا، اور وہ اُس پر آکر لٹک گئی۔

42 بیکی کی ٹانگیں لمبی ہیں، اسلئے وہ فرش پر لگ گئیں۔ سارہ چھوٹی بچی تھی ،اسلئے میں نے اپنے بازوں اُسکے چوگرد لپیٹ دئیے۔ چھوٹی سارہ نے بیکی کی طرف دیکھا اور کہا، ”بیکی، تیرے پاس پورے کا پورا ڈیڈی ہے، لیکن پورے کے پورے ڈیڈی نے مجھے سنبھال لیا ہے۔“

43 اور مجھے لگتا ہے یہاں بھی ایسا ہی معاملہ ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ہم پوری تھیولوجی اور یونانی کے بڑے بڑے الفاظ نہ جانتے ہوں، ہوسکتا ہے لوگوں کے اس گروہ کے پاس ایسا علم نہ ہو۔ لیکن ایک بات پکی ہے، میں پُریقین ہوں یسُوع نے ہم سب کو پورے کا پورا سنبھالا ہوا ہے۔ آمین۔

ٹھیک ہے، بھائی نیول۔

58-0720E ڈیکنوں کا مقام

برینہم ٹیبرنیکل

جیفرسن ویل, انڈیانا یو۔ ایس۔ اے۔

URDU

©2024 VGR, ALL RIGHTS RESERVED

وائس آف گاڈ ریکارڈنگز، پاکستان آفس

B/3 ، 700، کشمیر کالونی ڈبل روڈ، کراچی 75500، پاکستان

فون نمبر: 0092-345-2495637

Voice Of God Recordings

P.O. Box 950, Jeffersonville, Indiana 47131 U.S.A.

www.branham.org

## حقِ اشاعت کی اطلاع

تمام جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یہ کتاب ذاتی استعمال کیلئے گھر میں پرنٹر پر چھاپی جاسکتی ہے، اور بلا قیمت تقسیم کی جا سکتی ہے، جوکہ یسُوع مسیح کی انجیل پھیلانے کا ایک ذریعہ ہے۔ اس کتاب کو فروخت نہیں کیا جاسکتا، اور نہ ہی دوبارہ بڑے پیمانے پر چھاپا جاسکتا ہے، اور نہ کسی ویب سائٹ پر لگایا جاسکتا ہے، اور نہ ہی اسے کسی بازیابی کے نظام میں ڈالا جاسکتا ہے، اور نہ ہی دوسری زبانوں میں اس کا ترجمہ کیا جاسکتا ہے، اور نہ ہی وائس آف گاڈ ریکارڈنگز کی جانب سے واضح تحریری اجازت نامے کے بغیر کسی فنڈز وغیرہ کا اصرار کیا جاسکتا ہے۔

برائے مہربانی، مزید معلومات کے لئے یا دیگر مواد کے لئے رابطہ کریں:

وائس آف گاڈ ریکارڈنگز، پاکستان آفس

B/3 ،700، کشمیر کالونی ڈبل روڈ، کراچی 75500، پاکستان

فون نمبر: 0092-345-2495637

VOICE OF GOD RECORDINGS

P.O. BOX 950, JEFFERSONVILLE, INDIANA 47131 U.S.A.

www.branham.org